26 فروری 2014ء

1، 2، 5، 10، 25 اور 50 پیسے کے اعشاری سکے تبدیل کرالیں: اسٹیٹ بینک کی یاددہانی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عوام کو یاددہانی کرائی ہے کہ وہ ایس بی پی ایس سی کے دفاتر اور کمرشل / مائیکروفنانس بینکوں کی شاخوں سے 30 ستمبر 2014ء تک 1، 2، 5، 10، 25 اور 50 پیسے کے اعشاری سکے تبدیل کرالیں۔

عوام کی آگاہی کے لیے اسٹیٹ بینک نے کمرشل / مائیکروفنانس بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اعشاری سکوں کے تبادلے سے متعلق پوسٹرز / بینرز اپنی شاخوں میں نمایاں مقامات پر لگائیں۔

یاد رہے کہ وفاقی حکومت پہلے ہی مطلع کرچکی ہے کہ یکم اکتوبر 2014ء سے 1، 2، 5، 10، 25 اور 50 پیسے کے سکوں کی قانونی حیثیت ختم ہوجائے گی۔ تاہم 30 ستمبر 2014ء تک ایس بی پی ایس سی کے دفاتر اور بینکوں کی شاخوں سے ان سکوں کا تبادلہ کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆